سوال

(752) مسبوق کی کونسی رکعت پہلی ہوگی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز ظہر یا عصر یا مغرب میں دوسری یا تیسری یا چوتھی رکعت میں مقتدی شامل ہوتا ہے۔ تب مقتدی کی کونسی رکعت ہوگی۔ دوسری، تیسری یا چوتھی رکعت میں شمولیت کی صورت میں سلام پھیرنے کے بعد اٹھ کر مقتدی کونسی رکعت ادا کرے گا۔ پہلی یا دوسری رکعت کی صورت میں سورت فاتحہ کے بعد کوئی سورت قرآن سے پڑھ کر رکوع کیا جائے گا یا صرف سورۃ فاتحہ پڑھے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسبوق امام کے ساتھ جو رکعت پاتا ہے وہ اس کی پہلی ہوگی۔ حدیث میں آتا ہے:

'فَمَا أَدرَكتُم فَصَلُّوا وَمَا فَاتَكُم فَأَتِمُّوا.' (صحیح البخاری، بَابُ قَولِ الرَّجُلِ : فَاتَتنَا الصَّلَاةُ، رقم: ٦٣٥ مع فتح الباری ١١٧/١)

یعنی ''جتنی نماز امام کے ساتھ پاؤ پڑھو اور جتنی فوت ہوجائے پوری کرو۔''

حدیث ہذا میں فوت شدہ کی بابت فقط اتمام (مکمل کرنا) وارد ہوا ہے۔ جس کے معنی اخیر سے پورا کرنے کے ہیں اور یہ اس صورت میں ہوگا جب مقتدی نے جو نماز امام کی فراغت کے بعد پڑھی ہے وہ اس کی اخیر کی ہو۔ بناء بریں معہود (اس بناء پر پائی جانے والی) ترتیب قائم رکھنا ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 644